اسلامی علوم وفنون کے مرکز
جامعہ نظامیہ رضویہ
میں ایک تاریخی کارنامہ
شیوخ الحدیث صاحبان کے حالاتِ زندگی کا ترجمان
طلباء دورہ حدیث شریف کی تاریخ وکردار کا امین
تذکرۂ شیوخ الحدیث
و
احوالِ یارانِ وفا
1428ھ / 2007ء
منجانب
کلاس دورۂ حدیث شریف سال 2007ء/1428ھ
جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری دروازہ لاہور

اسلامی علوم وفنون کے مرکز جامعہ نظامیہ رضویہ میں ایک تاریخی کارنامہ

شیوخ الحدیث صاحبان کے حالاتِ زندگی کا ترجمان

طلباء دورۂ حدیث شریف کی تاریخ و کردار کا امین

تذکرۂ شیوخ الحدیث

واحوالِ یارانِ وفا

1428ھ/2007ء

منجانب:

کلاس دورۂ حدیث شریف سال 2007ء/1428ھ

جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری دروازہ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتابچہ ...... تذکرۂ شیوخ الحدیث و یارانِ وفا

بفیضانِ نظر: ...... محسن اہلسنت مفتی اعظم پاکستان علامہ مولانا
مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ

زیر نگرانی: ...... حضرت علامہ صاحبزادہ محمد عبد المصطفیٰ ہزاروی
ناظم اعلیٰ جامعہ نظامیہ رضویہ پاکستان

زیر سرپرستی: ...... شیخ الحدیث علامہ حافظ محمد عبد الستار سعیدی
شیخ الحدیث علامہ مفتی محمد صدیق ہزاروی
شیخ الحدیث علامہ محمد عبد التواب صدیقی
شیخ الحدیث علامہ ڈاکٹر محمد فضل حنان سعیدی

مرتبین: ...... سید محمد عرفان ناصر ، حافظ محمد اسحاق
محمد سعید الرحمٰن ہزاروی، محمد اللہ داد شاہد

کمپوزنگ: ...... حافظ محمد کاشف جمیل / محمد جمیل رضا فاروقی

ناشر: ...... طلباء دورۂ حدیث شریف جامعہ نظامیہ رضویہ
2007ء/1428ھ

پروف ریڈنگ: ...... حافظ ظفر اقبال عثمانی، سید مبارک علی شاہ

صفحات: 64

سالِ اشاعت: ...... اگست 2007ء/رجب المرجب 1428ھ

☆......☆......☆......☆

0300 8165291

حسنِ ترتیب

☆......☆......☆......☆

حمد باری تعالیٰ

(سید دیدار علی شاہ)

تیرا نور ہی جلوہ گر کو بکو ہے
ہر اک شے میں ظاہر تو ہو بہو ہے

گل و یاسمین میں سمن و نسترن میں
گلِ خشک و تر میں تمہاری ہی بو ہے

ہے نکہت سے تیری معطر دو عالم
مہک تیری پھیلی ہوئی ہر سو ہے

حجاب تمنا اٹھا جبکہ دل سے
جدھر ہم نے دیکھا ادھر تو ہی تو ہے

نہ اک محو صرف دیدار ہی ہے
ہر اک جا میں تیری گفتگو ہے

نعت رسول ﷺ

(امام احمد رضا خاں بریلوی)

تاب مرأتِ سحر گرد بیابان عرب
غازۂ روئے قمر دودِ چراغانِ عرب

عرش سے مژدۂ بلقیس شفاعت لایا
طائر سدرہ نشین مرغ سلیمان عرب

حسن یوسف پہ کٹیں مصر میں انگشتِ زناں
سر کٹاتے ہیں تیرے نام پہ مردانِ عرب

پائے جبریل نے سرکار سے کیا کیا القاب
خسرو خیل ملک و خادم سلطان عرب

کرم نعت کے نزدیک تو کچھ دور نہیں
کہ رضائے عجمی ہو سگِ حسان عرب

☆......☆......☆......☆

عرض حال

مخدوم اہلسنت مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کا چمنستان جامعہ نظامیہ رضویہ پاکستان ہر سال سینکڑوں علماء وقراء اور حفاظ کو سند فراغ دے کر اندرون وبیرون ملک گلشنِ اسلام کی آبیاری میں مصروف عمل ہے، امسال بھی تقریباً دوسو فضلاء دورہ حدیث شریف سے فراغت پا رہے ہیں۔ شروع سال میں راقم الحروف نے چند دوستوں سے مشورہ کیا کہ جن بزرگ ہستیوں سے ہم درس حدیث شریف سماعت کر رہے ہیں ان شفیق شیوخ الحدیث کے حالاتِ زندگی کا تذکرہ محبت وعقیدت کے ساتھ احاطۂ تحریر میں لایا جائے۔ کیوں نہ ہو؟ ان کے حصولِ علم کے مراحل، دین کی خدمات اور ان کی بھولی ہوئی یادوں کا تذکرہ قرطاس میں لا کر جدائی وفرقت کے لمحات میں مشعلِ راہ بنائیں۔

ویسے تو جامعہ نظامیہ کے تمام اساتذہ علم وعرفان کے پھول ہیں لیکن مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے بعد درس حدیث شریف کے لیے جو محدثین کی جماعت چھوڑی ہے وہ روشن مستقبل کے لیے درخشاں ستارے ہیں۔ اس وقت جامعہ ہذا میں شیخ الحدیث علامہ حافظ محمد عبدالستار سعیدی، شیخ الحدیث علامہ مفتی محمد صدیق ہزاروی، شیخ الحدیث علامہ محمد عبدالتواب صدیقی، شیخ الحدیث علامہ ڈاکٹر محمد فضل حنان سعیدی علم حدیث شریف کی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ پھر بھی اساتذہ کے علم کی منہ بولتی تصویر، اخلاق وادب کا نمونہ اور عرصہ دراز تک علم حدیث شریف واسلامی فنون کی آبیاری کرنے والے شیخ الحدیث علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری صاحب جو ہم سب کے منبع ومرجع ہیں، ان کی ملی، ملکی

دینی اور خصوصاً حدیث شریف کے حوالہ سے خدمات کو بھی زینتِ تحریر بنایا جائے۔
(اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔)

وہ یارانِ وفا جنہوں نے ایک عرصہ دوستی اور رفاقت میں بسر کیا۔ ان کے گزرے ہوئے لمحات ناقابل فراموش ہیں اور آج جبکہ جدائی اور فرقت کا مرحلہ آ پہنچا ہے۔ پتہ نہیں یہ محبت و آشنائی کا سلسلہ بدستور جاری رہے گا یا نہیں۔ مناسب یوں ہو گا فارغ التحصیل فضلاء کے نام، پتہ جات، فون نمبرز اور مستقبل میں کردار کو بھی رسالہ میں درج کر دیا جائے۔ سبھی ساتھیوں نے میری آواز پر لبیک کہتے ہوئے کہا کہ اساتذہ کی راہنمائی میں ہی یہ کام سرانجام دیا جائے اور یوں انہی کے مشورہ سے اس رسالہ کا نام "تذکرۂ شیوخ الحدیث و احوال یارانِ وفا" منتخب کیا گیا اور اس کی اشاعت کے لیے تمام اساتذۂ کرام نے خصوصی تعاون و راہنمائی فرمائی۔ نیز ترتیب و تدوین اور مضامین کی فراہمی محمد سعید الرحمٰن ہزاروی، سید عرفان ناصر، اللہ داد شاہد، شاہد مرتضیٰ اور نثار احمد چوہدری کی تگ و دو کا ثمرہ ہے۔

ہم تمام فضلاء دورۂ حدیث شریف کے بھی شکر گزار ہیں جنہوں نے مالی تعاون کے علاوہ مفید مشوروں سے نوازا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ جملہ مشفق اساتذۂ کرام اور مخلص یارانِ وفا کے علم و عمل میں برکت عطا فرمائے۔ اور اس چمنستان کو تا قیامت سرسبز و شاداب رکھے۔

خاکپائے علماء

احقر حافظ محمد اسحاق

کلاس دورۂ حدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ

شخصیت و کردار

حافظ محمد اسحاق متعلم دورۂ حدیث، جامعہ نظامیہ رضویہ

ہر گز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق

ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ ما

28 دسمبر 1933ء کی نورِ سحر کی پھوار سے عالم اسلام کو روشن کرنے والے، نونہال محمد عبدالقیوم نے حضرت مولانا حمید اللہ ہزاروی کے ہاں ضلع مانسہرہ کے دیہات میراں کلاں میں آنکھ کھولی۔ آپ کا تعلق تناولی خاندان سے ہے۔ تناولی خاندان نے علم و حکمت کے میدان کے علاوہ بالاکوٹ کے کارزار اور سکھوں کے ساتھ مسلسل چھ سال عملی جہاد میں حصہ لیا۔ آپ کے والد محترم مولانا حمید اللہ ہزاروی ایک عالم باعمل انسان تھے۔ اس لیے انہوں نے اپنے فرزند ارجمند کی تعلیم و تربیت کا خصوصی انتظام کیا۔ حفظ قرآن مجید مکمل کرنے کے بعد آٹھ سال کی عمر میں جینڈھر شریف ضلع گجرات کے ایک دینی مدرسہ میں داخل ہوئے۔ عالم اسلام کے اس عظیم سپوت نے صرف، نحو، فقہ، اصولِ فقہ، منطق و فلسفہ، تفسیر و اصولِ تفسیر وغیرہ کے لیے مرکزی دارالعلوم حزب الاحناف لاہور کا رخ کیا۔ جو اس وقت علم و فضل کا مرجع الخلائق تھا۔ مفتی محمد عبدالقیوم نے جینڈھر شریف میں مولانا محب اللہ اور حزب الاحناف لاہور میں مولانا سید محمد انور شاہ سے کافیہ تک کتب پڑھیں۔

تشنگی علم کو بجھانے اور جملہ اسلامی علوم و فنون کی تکمیل کے لیے آپ نے عدیم المثال استاذ شیخ الحدیث مولانا غلام رسول رضوی کے ساتھ علمی سفر جاری رکھتے ہوئے بورے والا اور وہاں سے حزب الاحناف لاہور دوبارہ تشریف لے آئے۔ آپ نے 1955ء میں علم و عرفان کی بلند مرتبت ہستیوں سے علوم عقلیہ و نقلیہ کی تکمیل

حزب الاحناف لاہور میں کی۔ علم و عمل کے پیکر مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی نے علم حدیث اور اصول حدیث شریف پر دسترس حاصل کرنے کے لیے اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کے چمنستانِ علم کے پھول اور نابغہ روزگار ہستی محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد قادری رضوی صاحب کے سامنے زانوئے تلمذ طے کیا۔

مفتی صاحب نے اس پر آشوب ماحول میں آنکھ کھولی۔ جب ہر طرف اسلامی روایات واقدار کا مذاق اڑایا جا رہا تھا۔ مغربی سامراج انگریزی تعلیم کو عام کرنے کی غرض سے سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کو وسیع کرنے اور دینی مدارس کو ختم کرنے کے در پے تھا۔ اہل ہندوستان کو دینی علوم کے احیاء اور مدارسِ اسلامیہ کی بقاء کے لیے ایک مرد قلندر کی ضرورت تھی۔ اللہ تعالیٰ نے مفتی صاحب علیہ الرحمۃ کو بزم نور و نکہت میں عقائد و اعمال کی درستگی اور مدارسِ دینیہ کی اصلاح کے لیے پیدا فرمایا۔ اور آج جن کی محنت شاقہ سے دینی مدارس کا نظام تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کی صورت میں موجود ہے۔

بچپن ہی سے آپ کی جبین پر بزرگی کے آثار نمایاں تھے۔ آپ کی شخصیت ہمہ جہت اوصاف واخلاق کا مرقع تھی۔ اور آپ اوصاف بشریہ کی کامل کتاب تھے۔ آپ علم و عمل کا مجسمہ، خلوص وللہیت کا پیکر، مشفق مدرس، تقویٰ وطہارت کے امام، فنافی الرسول اور عصمت رسول کے علمبردار تھے۔ نیز آپ شجاعت تہور اور حق گوئی میں بڑی شہرت رکھتے تھے۔ مفتی صاحب نے علوم اسلامیہ کی تشہیر میں پامردی، صبر اور استقامت کے ساتھ تکالیف اور مصائب کو برداشت کر کے عزم وثبات کی لازوال تاریخ رقم کی۔ آپ نے خدا کی حاکمیت کا پرچم بلند کر کے اسلامی اقدار کی خونِ جگر سے اس طرح آبیاری کی کہ اس کے انمٹ نقوش رہتی دنیا تک تابندہ وروشن رہیں گے۔ آپ رزم و بزم کے دھنی تھے، صوفیاء کی محافل میں عالی پایہ صوفی، فقہاء اور محدثین کی جماعت میں بلند منزلت فقیہ اور عظیم محدث اور نظامت کے میدان میں صف اول کے ناظم تھے۔ مفتی صاحب کا تدریس وافتاء کے علاوہ تدبیر و تنظیم، سیاست وبصیرت، تواضع اور سادگی میں کوئی ثانی نہیں تھا۔

نگاہ بلند ، سخن دلنواز، جاں پرسوز
یہی ہے رختِ سفر میر کارواں کے لیے

جرأت و بے باکی مفتی صاحب کا شیوہ تھا۔ جو بات کہتے برملا کہتے اور پھر اس پر ڈٹ جاتے اور مخالفین کے منہ پھیر دیتے۔ ویسے تو آپ رقیق القلب انسان تھے۔ لیکن اعلائے کلمۃ الحق کے لیے دشمنانِ اسلام کو خس و خاشاک میں بہا دیتے۔ آپ نے امام احمد بن حنبل اور مجدد الف ثانی کے طریقہ پر چلتے ہوئے وقت کے جابر حکمرانوں، مشیر سے لے کر وزیر اور گورنر سے لے کر صدر تک کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر حق گوئی کا فریضہ انجام دیا۔ اور آپ اسلامی و اصولی سیاست کے احیاء کے لیے جمعیت علماء پاکستان لاہور کے صدر بنے۔ تحریک ختم نبوت، نظامِ مصطفیٰ موومنٹ اور سیکولر نظام کے خاتمہ کے لیے آپ کا کردار تاریخ کا حصہ بن چکا ہے۔

استاذ العلماء مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی نے اپنی عملی زندگی کا آغاز جامعہ حنفیہ قصور میں بطور مدرّس کیا۔ علالت کے باعث جامعہ حنفیہ کو خیر باد کہنا پڑا۔ ادھر جامع مسجد خراسیاں لاہور میں آپ کے استاذِ محترم شیخ الحدیث علامہ غلام رسول رضوی نے جامعہ نظامیہ رضویہ کے نام سے ادارہ قائم کیا۔ جامعہ نظامیہ میں مفتی صاحب کو تدریس کے علاوہ انتظامی امور بھی سونپے گئے۔ 1962ء میں حضور محدثِ اعظم پاکستان کے وصال کے بعد علامہ غلام رسول رضوی رحمۃ اللہ علیہ جامعہ نظامیہ رضویہ کے جملہ انتظامی و تدریسی امور آپ کے سپرد کر کے فیصل آباد تشریف لے گئے۔ آپ نے اس گلشنِ اسلام کی آبیاری میں خاطرہ خواہ عرق ریزی کر کے اوجِ کمال تک پہنچا دیا اور پھر شیخوپورہ میں جامعہ نظامیہ رضویہ اور مدرسۃ البنات کی عظیم الشان عمارت کی بنیاد ڈالی۔ اور آج یہ ادارہ اپنی شہرت اور ترقی کی بدولت ثریا سے باتیں کر رہا ہے۔

آپ نہ صرف مدرّس و ناظم تھے بلکہ تصنیف و تحقیق کے میدان میں بھی جوہرِ نایاب دکھائے۔ علم الکلام و العقائد کے میدان میں بدعقیدہ لوگوں کی سرکوبی کے لیے

"العقائد والمسائل" کے نام سے ایک بے مثال کتاب عربی میں تحریر کر کے امت مسلمہ کے لیے ہدایت کا سامان پیدا فرمایا۔ مخدوم ملت مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی کی علمی، سیاسی، تمدنی اور تحقیقی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ لیکن راقم الحروف کے خیال کے مطابق تصنیف کے شعبہ میں مجدد دین وملت، اعلیٰ حضرت الشاہ امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے فتاویٰ رضویہ کی جدید طباعت بہت ہی قابل قدر ہے۔ آپ نے 1988ء میں فتاویٰ رضویہ کی عربی و فارسی عبارات کا اردو میں ترجمہ اور تخریج و تحقیق کو جدید انداز میں شائع کرنے کی غرض سے "رضا فاؤنڈیشن" کی بنیاد رکھی۔ آج بحمدہٖ تعالیٰ آپ کی کاوش جمیلہ سے فقہ حنفی کا عظیم انسائیکلو پیڈیا 33 ضخیم جلدوں میں اٹھارہ ہزار صفحات پر مشتمل "العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ" کے نام سے پایۂ تکمیل کو پہنچ چکا ہے۔

مفتی اعظم پاکستان نے تنظیمی و تحریکی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیا۔ آپ کو جماعتِ اہلسنّت پاکستان کی سپریم کونسل کی صدارت سونپی گئی۔ جب روس نے افغانستان میں ظلم وستم کا بازار گرم کر کے بمباری شروع کی تو آپ نے افغانی علماء، طلباء اور عوام کی خدمت کے لیے جامعہ نظامیہ رضویہ میں امدادی کیمپ کھولا۔ زکوٰۃ کی مستحقین کے درمیان منصفانہ تقسیم کی غرض سے آپ پنجاب زکوٰۃ کونسل اور مرکزی زکوٰۃ کونسل کے بارہ سال ممبر رہے نیز آپ وزارتِ داخلہ کی ایڈوائزری کونسل کے بھی رکن بنے۔

مفتی صاحب کو زندگی کے ہر شعبہ میں خدمات کی وجہ سے مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی کی رکنیت بھی دی گئی۔ نیز تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان کے حوالہ سے بھی آپ کی خدمات کو تازیست یاد رکھا جائے۔ 1974ء میں آپ تنظیم المدارس کے ناظم بنے۔ مفتی صاحب نے انچاس سال تدریس کی۔ 29 سال دورۂ حدیث شریف کی کلاس کو علم وعرفان کے موتی دیئے۔

اور بالآخر 26 اگست 2004ء کی شام کو وہ ابرِ رحمت جو ہزارہ کی زمین سے اٹھا۔ لاہور کی زمین کو معطر ومنور کرتا ہوا لاکھوں آدمیوں کے قلوب واذہان کو تازگی بخشتا ہوا ہمیشہ کے لیے غروب ہو گیا۔

شیخ الحدیث شرف ملت

علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری

حافظ محمد خلیل احمد سہروردی

متعلم دورۂ حدیث شریف جامعہ نظامیہ لاہور

بعض شخصیات ایسی بھی ہوتی ہیں کہ جب ان کی کتابِ زندگی پر نظر ڈالی جائے تو وہ بے کنار سمندر کی طرح ہوتی ہیں، جب کوئی اس میں غوطہ زن ہوتا ہے تو اسے ہر طرف جواہر وموتیوں کے بکھرے پڑے انبار دکھائی دیتے ہیں۔ وہ متحیر و پریشان ہو جاتا ہے کہ کن موتیوں و جواہرات کا انتخاب کیا جائے۔ اگر وہ دامن بھر بھی لے تو دوسرا مشکل مرحلہ ان کی ترتیب کا ہوتا ہے۔

انہی شخصیات میں سے ایک ہمارے ممدوح ہیں جب ہم نے ان کی کتابِ زندگی کھولی تو اس میں بے شمار عنوانات ملے۔ ایک شخص بیک وقت بہترین مدرّس، تحریر کا شہسوار، محقق، خطیب جن کا بچپن سے یہی منشور ہو، ''سوچا تھا کہ بڑا ہو کر بندۂ مومن بنوں گا، مدرّس بنوں گا، خادم دین بنوں گا اور تصنیف و تالیف واشاعت کے ذریعے مسلک اہلسنت و جماعت کی خدمت کروں گا۔'' اگر ان کی پوری زندگی کا احصاء کیا جائے تو کئی دفتر تیار ہو سکتے ہیں لیکن ہم نے ان کا مختصر تعارف کرانا ہے۔ اب ہمارے لیے مشکل یہ ہے کہ ان کی زندگی (جو کہ خوبیوں اور حسنِ اخلاق کا مجموعہ ہے) سے کن اوصاف و کمالات کو تحریر کیا جائے اور کن افعالِ حسنہ کو چھوڑ دیا جائے۔ لیکن ما لا یدرک کله لا یترک کله کے ضابطہ کو سامنے رکھتے ہوئے اس بحرِ عمیق میں کود پڑتے ہیں۔ توکلت علی اللّٰہ فھو حسبی و نعم الوکیل۔

نام وولادت:

ہمارے ممدوح کا اسمِ گرامی حضرت علامہ مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری ہے۔
آپ کی ولادت باسعادت ۱۳۶۳ھ/۱۹۴۴ء کو مرزا پور ضلع ہوشیار پور میں ہوئی۔ ۱۹۴۷ء کو
والدین کے ہمراہ ہجرت کرکے لاہور تشریف لائے۔ آپ کے والد ماجد ایک متقی، پرہیزگار
اور پابندِ شریعت شخص تھے۔ حضورِ اکرم ﷺ اور صحابہ کرام و اولیاءِ عظام کی محبت ان کے
رگ و پے میں رچی ہوئی تھی۔ انہوں نے اپنی اولاد کی تربیت بھی اسی طریقہ پر کی۔ انہوں
نے اپنے فرزندِ ارجمند کو خاص طور پر علومِ اسلامیہ کی تعلیم سے آراستہ کیا۔ جن کی صلاحیتوں
کا زمانہ نے اعتراف کیا۔

تعلیمی سفر:

موصوف نے ۱۹۵۱ء میں ایم۔ سی پرائمری سکول انجن روڈ لاہور سے اپنے تعلیمی
سفر کا آغاز کیا۔ پرائمری کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد آپ نے ۱۹۵۵ء میں جامعہ رضویہ فیصل
آباد میں محدثِ اعظم پاکستان شیخ الحدیث محمد سردار احمد رضوی سے منطق کا ابتدائی رسالہ
صغریٰ پڑھا۔ آپ نے جامعہ رضویہ میں جن جن اساتذہ سے کسب علم کیا ان کے اسماءِ گرامی
یہ ہیں: محدثِ اعظم مولانا سردار احمد رضوی چشتی، مولانا حاجی مفتی محمد امین نقشبندی، مولانا
حافظ احسان الحق، سید منصور حسین شاہ اور مولانا محمد عبداللہ جھنگوی۔

آپ جنوری ۱۹۵۷ء میں دارالعلوم ضیاء شمس العلوم سیال شریف تشریف لائے
اور وہاں صوفی حامد علی سے نحو میر کا درس لینا شروع کیا۔ علاوہ ازیں علامہ مولانا محمد اشرف
سیالوی کے ساتھ رشتہ تلمذ قائم کیا۔

مئی ۱۹۵۷ء میں آپ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں داخل ہوئے۔ یہاں آپ
نے مولانا غلام رسول رضوی شارح بخاری، مفتی اعظم مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی، مولانا شمس

الزمان قادری، مولانا غلام مصطفیٰ سمندری، مولانا حافظ محمد ایوب ہزاروی، مولانا نور محمد قادری جیسے عظیم المرتبت اساتذہ سے علمی استفادہ کیا۔ آپ اکتوبر ۱۹۶۱ء تک جامعہ نظامیہ رضویہ میں رہے۔ اس کے بعد مزید حصولِ علم کی تڑپ آپ کو استاذ الاساتذہ مولانا عطا محمد بندیالوی کے پاس جامعہ مظہریہ امدادیہ بندیال شریف لے گئی۔ آپ نے استاذ الاساتذہ سے تقریباً ہر فن میں استفادہ کیا۔ ۱۹۶۱ء میں ہی آپ تین ماہ کے لیے دارالعلوم ضیاء شمس الاسلام سیال شریف مولانا محمد اشرف سیالوی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کسب علم کیا۔

تدریسی زندگی کا آغاز:

علومِ اسلامیہ کی تکمیل کے بعد آپ نے تدریسی زندگی کا آغاز کیا اور حسب ذیل مدارس میں تدریس کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔

جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور (۱۹۶۵ء)

جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور (۱۹۶۶ء تا ۱۹۶۸ء۔ دسمبر ۱۹۷۳ء تا ۲۰۰۲ء)

دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف (۱۹۶۸ء)

دارالعلوم رحمانیہ ہری پور ہزارہ (۱۹۶۸ء تا ۱۹۷۱ء)

مدرسہ اسلامیہ اشاعت العلوم (۱۸۹۷۱ء تا ۱۹۷۳ء)

تعمیری کام اور اشاعتی اداروں کا قیام:

علامہ موصوف نے ہری پور کے قیام کے دوران متعدد تعمیری کام سرانجام دیئے۔ وہاں بکھرے ہوئے سنی علماء کو جمع کیا اور ''جمعیت علماءِ سرحد'' قائم کی۔ افتاء، تدریس، خطابت اور تنظیمی کاموں کے علاوہ تصنیف و تالیف کا کام بھی کرتے رہے۔ اشاعت کی ذمہ داری سنبھالتے ہوئے ہری پور میں مکتبہ قادریہ قائم کیا۔

علامہ موصوف نے متعدد اشاعتی ادارے قائم کیے کچھ حسب ذیل ہیں۔ مکتبہ

رضویہ انجمن شیڈ لاہور، جمعیت علماءِ سرحد پاکستان ہری پور ہزارہ، مکتبہ قادریہ ہری پور، جماعت اہلسنّت چکوال، شیخ عبدالحق محدث دہلوی اکیڈمی بندیال، اور ۱۹۷۳ء میں مکتبہ قادریہ لاہور۔

بیعت وخلافت:

آپ مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری اشرفی رحمۃ اللہ علیہ کے دستِ اقدس پر سلسلہ عالیہ قادریہ میں بیعت ہوئے اور اعلیٰ حضرت کے پڑپوتے مولانا ریحان رضا خان اجازت وخلافت حاصل کی۔

مسلک کی خدمت:

آپ نے اپنی طرزِ تبلیغ سے لوگوں کے دلوں میں مسلکِ رضا سے محبت پیدا کی اور اعلیٰ حضرت کی علمی و تحقیقی خدمات سے انہیں متعارف کرایا۔ پہلی مرتبہ آپ کی قیادت میں ہری پور میں "یومِ رضا" منایا گیا۔ چکوال میں اگرچہ قلیل عرصہ رہے، حوصلہ شکنی اور مایوس کن حالات کے باوجود وہاں کے لوگوں میں سنیت اور رضویت کی روح پھونک دی اور وہاں بھی بڑی دھوم دھام سے یومِ رضا منایا اور ''جماعتِ اہل سنّت'' قائم کی۔

تصنیف وتالیف:

علامہ موصوف جہاں درسِ علومِ اسلامیہ کے مستند استاذ ہیں وہاں تصنیف وتالیف کی دنیا میں بھی اہم مقام کے مالک ہیں۔ آپ بہت سی تاریخی، درسی، فقہی، علمی (عربی، فارسی، اردو) کتب کے مصنف، مترجم، محشی اور شارح ہیں۔ آپ نے بے شمار کتب پر مبسوط مقدمات لکھے ہیں جو آپ کی تحقیق وتدقیق کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

اس میدان میں قابل قدر کارنامہ ہائے سرانجام دے کر مخالفین کو حیران و ششدر کر دیا۔

چند تصانیف:

۱۹۷۶ء "تذکرۂ اکابرینِ اہلسنت"

۱۹۷۹ء "الحدیقۃ الندیہ" پر عربی مقدمہ

"تحقیق الفتویٰ فی ابطال الطغویٰ" کا ترجمہ موسوم بہ "شفاعتِ مصطفیٰ"

۱۹۸۰ء "الشرف المؤید" کا ترجمہ بنام "برکاتِ آلِ رسول"

۱۹۸۵ء "البریلویہ" کا تحقیقی جواب بنام "اندھیرے سے اجالے تک"

مقالہ "ندائے یارسول اللہ"

۱۹۸۶ء غیر مقلدین کی انگریز نوازی کے متعلق تحقیقی کتاب "شیشے کا گھر"

۱۹۹۰ء "ادلۃ اہل السنۃ والجماعۃ" کا ترجمہ بنام "اسلامی عقائد"

۱۹۹۳ء مقالاتِ سیرت طیبہ "من نفحاتِ الخلود" کا ترجمہ "زندہ جاوید خوشبوئیں"

۱۹۹۴ء مقالہ "مدینۃ العلم" عربی۔ "شہریار" اردو۔

۱۹۹۷ء "من عقائد اہل السنۃ"۔ "نور نور چہرے"۔

عربی مقالہ "فی ظلال الفتاوی الرضویہ"

۱۹۹۹ء "تحصیل التعریف فی معرفۃ الفقہ والتصوف" کا ترجمہ "تعارف فقہ وتصوف"

"من رشحات الخلود" کا ترجمہ "سدا بہار خوشبوئیں"

"مطالع المسرات" کا ترجمہ

۲۰۰۰ء مقالات "عظمتوں کے پاسبان"۔

"من عقائد اہل السنۃ" کا ترجمہ "عقائد ونظریات"

علاوہ ازیں "احسن الکلام فی مسئلۃ القیام"، "غایۃ الاحتیاط فی جواز حیلۃ الاسقاط"، "التحفۃ الفاتحہ"۔ "اتیان الارواح" کا ترجمہ اور "مصباح الظلام" کا ترجمہ "پکارو یارسول اللہ"۔

زیارتِ حرمین شریفین:

1981ء میں پہلی بار حج کی سعادت حاصل ہوئی۔ دوسری بار ۱۹۹۴ء میں والد ماجد کی طرف سے حج بدل کیا۔ اس سال حج اکبر ہونے کا شرف حاصل ہوا۔

اعزازات:

۲۰۰۱ء میں امام احمد رضا انٹرنیشنل کانفرنس بریڈفورڈ میں شرکت کی اور مقالہ پڑھا۔ ۲۰۰۳ء میں جامعہ ازہر مصر کے ترجمان ہفت روزہ صوف الازہر میں علامہ تاج محمد ازہری کا مقالہ بعنوان "الشیخ محمد عبدالحکیم شرف القادری داعیا الی اللہ علی بصیرہ" شائع ہوا۔

۲۰۰۴ء میں دورۂ مصر، متعدد محدثین سے سند اجازت کا حصول اور سو کے قریب مختلف ممالک کے فضلاء کو سندِ حدیث دی۔ ۲۰۰۵ء میں ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا کراچی کے زیر اہتمام کراچی میں منعقدہ امام احمد رضا انٹرنیشنل سلور جوبلی کانفرنس کی صدارت کی، جہاں امام ربانی فاؤنڈیشن کی طرف سے مسلک اہلسنت کی علمی و تحقیقی خدمات کے اعتراف میں گولڈ میڈل اور خصوصی ایوارڈ دیا گیا۔ صفہ فاؤنڈیشن لاہور کی طرف سے علمی وتدریسی خدمات کے صلے میں سیدنا ابوہریرہ ایوارڈ اور ایک لاکھ کا چیک دیا گیا۔

۲۰۰۶ء میں جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کی طرف سے مفتی اعظم گولڈ میڈل دیا گیا۔ ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا انٹرنیشنل نے امام احمد رضا گولڈ میڈل دیا۔

۲۰۰۷ء میں آپ نے جو قرآن پاک کا ۱۹۹۸ء میں اردو ترجمہ کرنا شروع کیا تھا وہ مکمل ہو چکا ہے۔ عنقریب ان شاءاللہ زیورطبع سے آراستہ ہوکر منظر عام آجائے گا۔

☆......☆......☆......☆

شیخ الحدیث علامہ مولانا

حافظ محمد عبدالستار سعیدی

حافظ شاہد مرتضیٰ اعوان

متعلم دورۂ حدیث شریف، جامعہ نظامیہ لاہور

متحدہ ہندوستان میں مغربی سامراج نے مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کی غرض سے نت نئے فرقوں کی حوصلہ افزائی کی۔ جنہوں نے بہ بانگ دہل نبی پاک ﷺ کی شان اقدس میں نازیبا الفاظ کی جسارت کی۔ اللہ تعالیٰ نے تعظیم رسول اور دین کی سربلندی کرنے کے لیے امامِ اہلسنت مجدد دین وملّت الشاہ امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کو دنیا میں بھیج کر باطل فرقوں کی سرکوبی کی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے برصغیر پاک وہند میں محدثِ اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد رضوی، غزالی زماں حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی شاہ، مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی جیسے بلند مرتبت علماء کو پیدا فرما کر لوگوں کے لیے رشد وہدایت کا سامان پیدا فرمایا۔

انہیں علماء حق میں میرے ممدوح وموصوف جامع المعقول والمنقول شیخ الحدیث والتفسیر الحاج حضرت علامہ مولانا حافظ محمد عبدالستار سعیدی صاحب مدظلہ العالی ہیں۔ آپ نے ۱۱را کتوبر ۱۹۴۹ء کو گنگا نوالہ ضلع راولپنڈی میں چوہدری شیر دل مرحوم کے ہاں آنکھ کھولی۔

شیخ الحدیث مولانا حافظ محمد عبدالستار سعیدی اپنے خاندان کے پہلے فرد ہیں جنہوں نے دنیاوی تعلیم کے علاوہ اسلامی علوم وفنون کے مراحل بھی طے کیے۔ آپ کے والد محترم نے آپ کو پرائمری اور ناظرہ قرآن مجید کی تعلیم اپنے گاؤں میں ہی دلوائی پھر آپ نے مدرسۃ الاعجاز راولپنڈی میں حافظ محمد یوسف صاحب کے سامنے زانوئے تلمذ طے

کر کے حفظ قرآن مجید ۱۹۶۵ء میں مکمل کیا۔آپ نے ۱۹۶۹ء میں مڈل سکول کا امتحان موضع چکری سے پاس کر کے اپنی تمام تر توجہات کو منقطع کر کے حصول علم کے لیے جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں داخلہ لیا۔اس وقت جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں عظیم المرتبت و بلند ہستیاں علم دین کے گوہر نایاب تقسیم کرنے میں مصروف تھیں۔آپ نے کشور تدریس کے بے تاج بادشاہ شیخ الحدیث علامہ مفتی گل احمد خان عتیقی سے انتہائی قلیل مدت میں شرح جامی تک کتب پڑھیں۔اسلامی علوم وفنون کی تکمیل کے لیے آپ نے ۱۹۷۲ء میں دارالعلوم احسن المدارس راولپنڈی کا رخ کیا۔جہاں آپ نے علامہ مفتی محمد سلیمان رضوی سے موقوف علیہ کی سند فراغ حاصل کی۔۱۹۷۵ء میں علامہ موصوف نے جامعہ نظامیہ رضویہ میں استاذ العلماء مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی، شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری سے منتہی کتب کے علاوہ دورۂ حدیث شریف کیا۔تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان سے آپ نے الشہادة العالیہ کی سند نمایاں نمبروں میں حاصل کی۔مذکورہ بالا علماء کے علاوہ آپ نے شیخ الحدیث علامہ مولانا مہر الدین جماعتی، شیخ الفقہ علامہ مولانا حسن الدین ہاشمی اور علامہ مولانا محمد رشید احمد نقشبندی سے علمی استفادہ کیا۔

1976ء شیخ الحدیث علامہ محمد عبدالستار سعیدی نے اپنی عملی زندگی کا آغاز جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں تدریس کے شعبہ سے وابستہ ہو کر کیا۔آپ نہ صرف درس نظامی کے ایک بہترین مدرّس ہیں بلکہ صف اول کے ناظم امور تعلیم بھی ہیں۔مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو تدریسی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ نظامتِ تعلیم کے فرائض بھی سونپ دیئے۔آپ کی انتظامی صلاحیت اور مخلصانہ محنت کی وجہ سے آج جامعہ نظامیہ رضویہ کا نظام تعلیم قابل تقلید بنا ہوا ہے۔قبلہ حافظ صاحب عالم باعمل، صوفی منش انسان، بحر علم کے ذخار، تدریس کے شاہ سوار اور علم وعرفان کے پیکر ہیں۔آپ کے اوصاف واخلاق حمیدہ کی کتاب کو کھولا جائے تو ہر ایک ورق سے نئی مہک اور خوشبو آئے

گی۔آپ شفیق، رقیق القلب، غم خوار اور ہمدرد انسان ہیں۔

علماء و مشائخ اہلسنت کا یہ طرۂ امتیاز رہا ہے کہ انہوں نے جابر حکمرانوں کے سامنے کلمہ حق کی صدا کو بلند کیا۔ قبلہ حافظ صاحب نے بھی درس و تدریس کے علاوہ وعظ و تبلیغ کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے اسلامی نظام کی خاطر تحریک ختم نبوت ۱۹۷۴ء، تحریک نظام مصطفیٰ ۱۹۷۷ء اور سیکولر نظام کے خاتمہ کے لیے شروع کی گئی تحاریک میں عملی طور پر حصہ لیا۔ نظام مصطفیٰ تحریک کے جلوس میں آپ کافی زخمی بھی ہوئے۔ آپ نے نہ تو باطل حکومت کی کاسہ لیسی کی اور نہ ہی ظالم حکمرانوں کی حکومت کو تسلیم کیا بلکہ آپ نے ہر دور میں دین مخالف قوتوں کا ہر محاذ پر ڈٹ کر مقابلہ کیا۔

آپ نے تصنیف و تحقیق کے میدان میں بھی گوہر نایاب دکھائے۔ آپ نے اعلیٰ حضرت مولانا الشاہ احمد رضا فاضل بریلوی کا عظیم فتاویٰ "العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ" کی ۱۴ جلدوں کی عربی و فارسی عبارات کا اردو ترجمہ فہارس اور تخریج کرکے اہل سنّت پر احسان فرمایا جو کہ بحمدہٖ تعالیٰ منظر عام پر آچکا ہے۔ یہ عظیم کارنامہ سرانجام دینے پر برکاتی فاؤنڈیشن پاکستان نے آپ کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے جامعہ نظامیہ رضویہ کی گولڈن جوبلی ۲۰۰۶ء کے موقع پر آپ کو چاندی میں تولا۔ آپ نے انفاق فی سبیل اللہ کی عملی مثال قائم کرتے ہوئے 81 کلو چاندی رضا فاؤنڈیشن کو عطیہ کر دی۔

آپ نے فتاویٰ رضویہ کے ادق کام کے علاوہ دوسرے علمی موضوعات پر بھی قلم اٹھایا۔

آپ کی تصنیف کردہ کتب کی تفصیل درج ذیل ہیں:

قرآن وحدیث:

فوائد تفسیریہ اور علومِ قرآن فتاوٰی رضویہ کی روشنی میں۔ ترجمہ سنن نسائی شریف۔

مصنفین درسِ نظامی۔

درسیات:

تقریرات برحمہ اللہ، تقریرات بر شرح تہذیب، شرح کافیہ، شرح مقاماتِ حریری، شرح ہدایۃ النحو، صرف بھترال اردو، تعلیم المنطق، تلخیص المنطق، مفتاح المرقات اردو، صغریٰ ، اوسط اور کبریٰ کا اردو ترجمہ، میزان المنطق (اردو)، تعلیم الصرف، ایساغوجی اردو، تعلیم الحکمت (اردو)، سراجی (اردو۔

متفرق موضوعات:

فتاویٰ رضویہ کا اردو ترجمہ جلد نمبر ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸، ۲۹، ۳۰۔ فہارس فتاویٰ رضویہ، مرأۃ التصانیف، ردّ وہابیت، امام احمد رضا جامع العلوم عبقری شخصیت، فوائد جلیلہ، فاضل بریلوی کا سوانحی خاکہ، تعارف تصانیف علماءِ اہلسنّت، تعارف اراکین سنی رائیٹرز گلڈ۔ ان تصانیف کے علاوہ آپ کے بیسیوں مضامین رسائل واخبارات میں چھپ چکے ہیں۔

آپ نے چار مرتبہ عمرہ کی غرض سے اور ۱۹۸۳ء اور ۲۰۰۷ء میں حج وعمرہ کے لیے حرمین شریفین کا سفر کیا۔ نیز آپ کو مرأۃ التصانیف پر سنی رائٹرز گلڈ کی طرف سے عالمی ایوارڈ دیا گیا۔ تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان میں مجلس عاملہ کے کئی سال رکن رہے اور اب تنظیم المدارس کے امتحانی بورڈ کے ممبر ہیں۔ آپ کو محکمہ مذہبی امور واوقاف کی طرف سے دو مرتبہ ضلعی خطابت کی پیشکش کی گئی لیکن تدریسی مصروفیات کی وجہ سے آپ نے یہ پیشکش ٹھکرا دی۔ آپ فروری ۱۹۸۷ء سے جامع مسجد مسلم میں اوقاف کے زیر انتظام خطابت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

شیخ الحدیث حافظ محمد عبدالستار سعیدی صاحب نے تصوف کی منازل طے کرنے کے لیے ۲۲ اکتوبر ۱۹۷۹ میں غزالی زماں رازی دوراں، پیر طریقت، حضرت علامہ مولانا

سید احمد سعید کاظمی صاحب کے دست اقدس پر بیعت کا شرف حاصل کیا۔ نیز آپ تنظیمی، تحریکی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہوئے بزم رضا پاکستان تا حال صدر ہیں۔ جامعہ نظامیہ رضویہ پاکستان میں ۳۱ سال سے تدریسی امور سرانجام دے رہے ہیں اور پانچ سال سے درس بخاری شریف دے رہے ہیں۔ آپ کے ہزاروں کی تعداد میں شاگرد علماء فضلاء اندرون و بیرون ملک تدریسی، تنظیمی، تحریکی اور تبلیغی سرگرمیوں کے ذریعہ خدمتِ دین متین میں مصروف ہیں۔

آپ کے استاذ محترم شیخ الحدیث حضرت علامہ مفتی گل احمد خان عتیقی آپ کے بارے میں یوں رقم طراز ہیں:

علامہ مولانا حافظ محمد عبدالستار سعیدی خطیب مسلم مسجد لاہور جامعہ نظامیہ کے ناظم تعلیمات اور ہر دلعزیز مدرّس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل، انعام اور بڑی خوبیوں سے نوازا ہے۔ موصوف حلم و بردباری، خلوص و للّٰہیت اور ایثار و ہمدردی کا پیکر اور بہترین منتظم ہیں۔ آپ بہترین خطیب، انتہائی محنتی اور تجربہ کار استاذ ہیں۔ تدریس و تبلیغ، خطابت اور جامعہ کی گوناگوں مصروفیات کے باوجود تصنیف و تالیف میں بھی آپ نے نہایت عمدہ کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے علم و عمل میں برکت عطا فرمائے اور آپ کو عمر خضری سے نوازے۔
(نوٹ: راقم الحروف خصوصاً حافظ محمد اسحاق کا مواد کی فراہمی اور ترتیب دینے پر شکریہ ادا کرتا ہے)

قبلہ حافظ صاحب کا پیغام ...... طلباء کے نام

تحصیل علم کے دوران مکمل انہماک اور یکسوئی سے علم حاصل کریں، مطالعہ اور تکرار پر توجہ دیں اور اموختہ کا اعادہ کرتے رہیں۔ بعد از فراغت سنتِ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام پر عمل کرتے ہوئے تبلیغ و اشاعتِ دین کا فریضہ اخلاص و للّٰہیت کے جذبہ سے سرشار ہو کر انجام دیں۔

شیخ الحدیث علامہ مفتی محمد صدیق ہزاروی الازہری

محمد سعید الرحمان ہزاروی

متعلم دورۂ حدیث شریف جامعہ نظامیہ لاہور

پاکستان بننے کے بعد اعلیٰ حضرت کے مشن کو اسلامیانِ پاکستان جن سے میں سفیر اسلام شاہ عبد العلیم صدیقی میرٹھی، حضرت مفتی تقدس علی خان، غزالی زماں رازیٔ دوراں حضرت علامہ سید احمد سعید کاظمی، حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی، محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد رضوی اور ان جیسے دیگر اکابرین نے احسن طریقے سے نبھایا۔

اعلیٰ حضرت کے ہی آستانے سے فیض یافتہ ایک عظیم ہستی جسے اسلامیانِ پاکستان حضرت محدثِ اعظم پاکستان کے نام سے یاد کرتے ہیں ان ہی کے شاگردِ رشید مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی نے ان کی دعاؤں سے نامساعد حالات میں انتہائی کٹھن مراحل سے گزر کر ایک ایسے ادارہ جامعہ نظامیہ رضویہ کی بنیاد رکھی جسے ہم اُس دور کے دار العلوم منظر اسلام بریلی کا صحیح معنوں میں عکس کہہ سکتے ہیں۔

راقم کے ذمہ مفتی صاحب علیہ الرحمۃ کے جس عظیم شاگرد کا تذکرہ ہے وہ محتاج تعارف نہیں۔ بحمدہٖ تعالیٰ وہ شخصیت عظیم مدرّس بھی ہے اور ایک محقق خطیب بھی، جن کے ایمان افروز خطابات سے قوم وقتاً فوقتاً میڈیا سے مستفیض ہوتی رہتی ہے اور تحریریں شاید ہی پاکستان اور بیرون ملک بہت کم ایسی لائبریریاں ہوں جن میں موصوف کی تصنیفات موجود نہ ہوں۔ ایک ایسی شخصیت جس کے آباؤ اجداد کی زبان پر قال اللہ و قال الرسول ہمیشہ جاری رہا۔ ایسی شخصیت کہ جس نے پاکستان کا وہ صوبہ جس میں میلادِ مصطفیٰ کو گناہِ کبیرہ سمجھا جاتا تھا وہاں تسلسل سے پورا ماہ میلادِ شریف کی محفلیں منعقد کیں۔ مفتی اعظم پاکستان کے

اس عظیم شاگرد سے میری مراد عظیم مذہبی سکالر حضرت علامہ مولانا مفتی محمد صدیق ہزاروی سعیدی ازہری مدظلہ العالی ہیں۔

نام وولدیت: محمد صدیق ولد مولانا محمد عبداللہ (علیہ الرحمۃ)

تاریخ ومقام ولادت:

15 دسمبر 1947ء موضع چھڑ تحصیل وضلع مانسہرہ ہزارہ ڈویژن صوبہ سرحد

ابتدائی وسکول کی تعلیم:

پرائمری تعلیم گورنمنٹ پرائمری سکول چھڑ سے، قرآن مجید ناظرہ اور کریما (فارسی) والد صاحب سے۔ فارسی کی دیگر ابتدائی کتب بڑے بھائی حضرت علامہ مولانا عبد الرشید صاحب سے۔ پانچویں سے مڈل تک گورنمنٹ مڈل سکول عطر شیشہ۔ جماعت نہم گورنمنٹ ہائی سکول مانسہرہ سے۔ جماعت دہم گورنمنٹ ہائی سکول ایبٹ آباد نمبر 2۔ میٹرک انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بورڈ پشاور سے۔ فاضل عربی کا امتحان پنجاب یونیورسٹی اور ایف۔اے کا امتحان لاہور بورڈ سے پاس کیا۔ اور پنجاب یونیورسٹی سے ہی بی۔اے (سیاسیات اور فارسی کے ساتھ) پاس کیا۔

دینی تعلیم کا آغاز:

1963ء جامعہ اسلامیہ رحمانیہ ہری پور ہزارہ سرحد میں تعلیم کا آغاز کیا۔

1965ء قلعہ دیدار سنگھ میں۔ 1966,67 جامع العلوم خانیوال

1968,69 میں جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں زیر تعلیم رہے۔

1970ء میں موقوف علیہ سے فراغت حاصل کی اور دورۂ حدیث شریف 1975ء میں کیا۔ نیز اسی سال تنظیم المدارس درجہ عالمیہ کے امتحان میں ملک بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔

اساتذہ:

والد ماجد حضرت مولانا عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ، حضرت علامہ سید محمد زبیر شاہ، حضرت علامہ مولانا مہر دین جماعتی، حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی، برادرِ بزرگوار مولانا عبدالرشید رضوی، حضرت علامہ مولانا ریاض الدین چشتی، حضرت علامہ مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری، حضرت علامہ مولانا غلام فرید ہزاروی علیہ الرحمۃ، حضرت علامہ مولانا محمد شریف ہزاروی، حضرت علامہ مولانا عبدالمالک لقمانوی، حضرت علامہ مولانا حسن الدین ہاشمی، حضرت علامہ مولانا نور احمد نیاز، وغیرہم

تدریس وخطابت:

1970ء سے (استثناء 1975ء دورۂ حدیث شریف کا سال) تادمِ تحریر جامعہ نظامیہ رضویہ اور اس کے ساتھ ساتھ 2003ء سے جامعہ ہجویریہ داتا دربار لاہور میں درسِ نظامی کی تدریس فرما رہے ہیں اور اسی سال (2003ء) شاہ خاور ٹاؤن بیدیاں روڈ میں آئمہ مساجد کو ہفتہ وار تدریس فرما رہے ہیں۔

1970ء سے تادمِ تحریر جامع مسجد خراسیاں متصل جامعہ نظامیہ رضویہ میں خطابت و امامت اور جامع مسجد آمنہ اندرون لوہاری گیٹ لاہور اور جامعہ قادریہ کوچہ غوثیہ شاہ عالم رکیٹ میں خطبۂ جمعہ دیتے ہیں۔ کچھ عرصہ جامع مسجد واسا گلشن راوی میں بھی خطابت فرمائی۔

صانیف وتالیف:

بیسیوں مضامین قومی اخبارات اور رسائل و جرائد میں شائع ہوئے۔ اصلاحی امین، اہم شخصیات کے تذکرے اور بے دین طبقہ کی اسلام کے خلاف ہرزہ سرائی کے بات پر مشتمل ہیں۔

تصانیف کی تعداد ساٹھ سے متجاوز ہے۔ ان میں تراجم، عوامی مسائل اور درس

نظامی میں شامل کتب کی تسہیل وتشریح اور توضیح شامل ہیں۔

فہرست درج ذیل ہے:

تراجم: طحاوی شریف، ترمذی شریف، تنبیہ المغترین، احیاء العلوم، کتاب الکبائر، جلاء الافہام، مواہب اللدنیہ، نور الایضاح، ریاض الصالحین، کتاب الآثار، حصن حصین، غنیۃ الطالبین، اربعین نووی، مسلم شریف، مسند اسحاق، مسند دارمی۔

(درسیات) مقدمۃ المناظرہ، تفہیم النحو، اصول الشاشی (سوالاً جواباً)، تلخیص اصول الشاشی، ترجمہ صرف بھترال، ترجمہ شرح مائۃ عامل، خلاصۃ الہدایہ، تفہیم البلاغۃ، تفہیم البیھاوی، مراح الارواح (سوالاً جواباً)، انتخاب جلالین ومشکوٰۃ، علم النحو۔

(متفرق مطبوعات) تعلیم نماز، رسول اکرم کی وصیتیں، مضامین ماہِ رمضان، قربانی، تقسیم وراثت، تجہیز وتکفین، تحقیق حلالہ، وسیلہ کیا ہے؟، قرآن سے علاج، عرفان القرآن، عید میلاد النبی ﷺ، اعضاء کی پیوند کاری، سیدی مفتی اعظم، سیرت کوثر، تعلیماتِ شاہِ جیلان، عورتوں کی نماز، تعزیتی اجتماع اور قرآن خوانی، کنز الایمان تفاسیر کی روشنی میں، تجلیاتِ اعتکاف، دلوں کو موم کرنے والی باتیں، مقالاتِ تعارف، قربانی صرف تین دن، خطبات ومقالات، علمی نشری تقریریں، بابرکت راتیں، عقائد وعبادات، دو نامور مجاہد، حرمت سجدۂ تعظیمی، پیغامِ حق، تاریخ ساز شخصیات، پیر مہر علی اور قادیانیت۔

قومی وبین الاقوامی سیمینارز میں بحیثیت مقالہ نگار شرکت:

۱۔	فقہی طبی مسائل پر ورکشاپ	ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد
۲۔	برصغیر میں مطالعہ قرآن	ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد
۳۔	امام ابوحنیفہ علیہ الرحمہ بین الاقوامی کانفرنس	ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد
۴۔	دورِ جدید میں اجتہاد کی اہمیت	ادارہ تحقیقاتِ اسلامی اسلام آباد
۵۔	تصوف پر سیمینار	دربار عالیہ نیریاں شریف، آزاد کشمیر

۶۔ سیرت کانفرنس مرکزِ تحقیق فیصل آباد

۷۔ تربیتی کیمپ جماعت اہلسنت ادارہ تعلیماتِ اسلامیہ راولپنڈی

۸۔ خواجہ غلام محی الدین غزنوی سیمینار دربار عالیہ نیریاں شریف آزاد کشمیر وغیرہم

مدارس کا قیام:

اپنے گاؤں چھڑھ (مانسہرہ) میں ۱۹۸۱ء میں جامعہ اسلامیہ حنفیہ کے نام سے طلباء کے لیے دینی ادارہ قائم کیا اور ۲۰۰۰ء میں جامعہ عائشہ صدیقہ کے نام سے بچیوں کے لیے ادارہ قائم کیا۔ دونوں ادارے بحمدہٖ تعالیٰ بھرپور خدمات انجام دے رہے ہیں۔

میڈیا اور سرکاری اداروں سے تعلق:

ریڈیو اسٹیشن لاہور سے ایک عرصہ سے فقہی سوالات کے جوابات دے رہے ہیں۔ پروگرام صراطِ مستقیم ریڈیو پاکستان اسلام آباد، پروگرام حی علی الفلاح میں درس حدیث، اخبارات کے متعدد مذاکروں میں شرکت۔ ادارہ فیملی پلاننگ کے تحت اجلاسوں میں شرکت اور ان تمام موقعوں پر لیکچرز بھی دیئے۔

اعزازات:

دینی وملی خدمات پر مجلس عمل اوقاف کی طرف سے ایوارڈ، جماعتِ اہلسنت والثن کی طرف سے ایوارڈ، گولڈن جوبلی جامعہ نظامیہ رضویہ کے موقع پر گولڈ میڈل اور ایوارڈ،

نوٹ: مفتی اعظم سیمینار کے موقع پر دیئے جانے والے ایوارڈز میں سے سب سے زیادہ ایوارڈ قبلہ استاذی المکرّم کو ملے۔

برکاتی فاؤنڈیشن کی طرف سے ۲۰۰۶ء میں کراچی میں ایک بہت بڑے اجتماع میں دینی خدمات پر ایوارڈ دیا گیا۔ مخدوم اہلسنت حضرت مفتی اعظم پاکستان علیہ الرحمہ کی نیابت، جامع مسجد خراسیاں کی خطابت، تنظیم المدارس کے مرکزی دفتر کے امور، دورۂ

حدیث شریف کی تدریس کا آغاز، جامع ترمذی کے سبق میں مفتی صاحب نے اپنے ساتھ بٹھایا، سرکاری اداروں اور میڈیا کے مذاکرات میں جامعہ نظامیہ رضویہ کی نمائندگی کے لیے تشریف لے جاتے تھے۔ عالمی شہرت یافتہ قدیم اسلامی یونیورسٹی جامعہ ازہر قاہرہ مصر میں 2004,5 میں تدریب الائمہ کورس میں حکومت پاکستان کی طرف سے شرکت فرمائی۔ 1994ء میں حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کی۔

سند روایت حدیث:

۱۔ حضرت غزالی زماں، رازی دوراں علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمۃ

نوٹ: اس موقع پر استاذ العلماء مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی، استاذ العلما حضرت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری اور قبلہ استاذی المکرّم کو حضرت غزالی زماں نے حدیث "انما الاعمال بالنیات" کا درس دیا اور تینوں کو سند روایت عطا فرمائی۔

۲۔ الشیخ ڈاکٹر اسعد سعد جاویش مدظلہ جامعہ ازہر مصر ذوالحجہ ۱۴۲۷ھ

۳۔ الشیخ نورالدین علی بن جمعہ مصری شافعی الازہری مفتی جمہوریہ مصر ذوالحجہ ۱۴۲۵ھ نے روایت سند حدیث عطا فرمائی۔

دستارِ فضیلت واعطائے سند:

حضرت غزالی زماں علیہ الرحمۃ نے جامعہ اسلامیہ انوار العلوم کے سالانہ جلسہ میں دو مرتبہ اعزازی طور پر قبلہ استاذی المکرّم کی دستار بندی فرمائی۔ اور جامعہ کی سند بھی عطا فرمائی۔ حضرت استاذ العلماء مفتی محمد اعجاز ولی خان صاحب نے بھی اعزازی سند عطا فرمائی۔

ذوالحجہ ۱۴۲۵ھ میں جامعہ ازہر کی طرف سے تدریب الائمہ کی سند اور اقتصادیات کی سند بھی دی گئی۔ ۱۲۵ھ

☆......☆......☆......☆

دینی طلباء بالخصوص فضلاء کرام کے لیے

استاذ العلماء مفتی محمد صدیق ہزاروی کا پیغام

1۔ حصولِ علم کے مقاصد عظیمہ یعنی اعمال صالحہ کے ساتھ ساتھ اشاعتِ اسلام اور علوم دینیہ کے فروغ کو ہمیشہ پیش نظر رکھیں۔

2۔ اشاعتِ اسلام اور علومِ دینیہ اسلامیہ کی تدریس و تعلیم کے سلسلے میں عصری تقاضوں کو ہرگز نظر انداز نہ کریں۔

3۔ دیانت و امانت کے دامن کو کبھی ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ جہاں اپنے فرض منصبی کی ادائیگی میں امانت و دیانت کا خیال رکھنا ضروری ہے وہاں دوسروں کے مناصب پر ڈاکہ زنی بھی بددیانتی ہے۔ اس سے بھی اجتناب ضروری ہے۔

4۔ اپنی ذات کو پروان چڑھانے اور عزت مآبی کا شوق پورا کرنے کی بجائے دین حق اور علومِ اسلامیہ کو فروغ دینا ضروری ہے۔ عزت آپ کے قدموں میں ہوگی۔

5۔ عوامی رابطہ کو کبھی نظر انداز نہ کریں۔ بالخصوص نوجوان نسل سے گہرا رابطہ رکھیں اور ان کی ذہنی تربیت کریں تاکہ وہ مستقبل میں بدعقیدگی اور بے دینی کی جال میں پھنسنے سے محفوظ رہیں۔

۔ عقائد کی ترویج و اشاعت حکمت و دانش کے ساتھ کریں اور اصلاحی خطابات کے ذریعے صالح معاشرہ کی تشکیل میں ممد و معاون ہوں۔

☆.....☆.....☆.....☆.....☆

مناظرِ اسلام شیخ الحدیث

علامہ محمد عبدالتواب صدیقی اچھروی

سید محمد عرفان ناصر
متعلم دورۂ حدیث شریف جامعہ نظامیہ رضویہ

لِكُلِّ مُبْطِلٍ مُحِقٌّ . لِكُلِّ فِرْعَوْنَ مُوْسٰی .

اس قاعدہ کے تحت قدرتِ الٰہی کا قانون رہا ہے کہ ہر دور میں جب باطل نے سر اٹھایا تو حق نے سر قلم کر دیا مثلاً جب نمرود نے خدائی کا دعویٰ کیا تو اس کے مقابلے میں حضرت ابراہیم علیہ السلام علمِ توحید لے کر آئے، جب فرعون نے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا انکار کر کے اپنے آپ کو خدا منوانا چاہا تو باری تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اس کی گمراہی کی بیخ کنی کرنے کے لیے متعین فرمایا۔ الغرض جس وقت یزید نے اسلامی اقدار کو پامال کرنا چاہا تو نواسۂ رسول نے اپنا تن مَن دھن قربان کر کے یزیدیت کا منہ کالا کر دیا۔

جب فتنۂ وہابیت نے برصغیر پاک و ہند میں سر اٹھایا تو اللہ تعالیٰ نے امام احمد رضا علیہ الرحمہ کی شکل میں ایک عظیم مجاہد بھیجا۔ جس نے اس انداز میں قلم وکلام سے مقابلہ کیا کہ رہتی دنیا تک تاریخ یاد کرے گی۔ جب پروردۂ انگریز ایک جھوٹے متنبّی نے امتِ محمدی کو گمراہ کرنے کی ایک ناکام سازش شروع کی تو ان کے مقابلے میں تاجدارِ گولڑہ علیہ الرحمہ نے مصطفوی علم کی بنیاد پر اور سیدنا غوثِ اعظم کی نگاہ کے صدقے مرزا قادیانی کو ایسا ذلیل رسوا کیا کہ تادمِ زیست کسی مرزا کو کسی مسلمان رہنما کے ساتھ مقابلے کی جرأت نہ ہو سکی۔

ان علماءِ حقّہ میں ایک عظیم نام نائب مناظرِ اعظم پاکستان، کشتۂ عشق و محبت، علم و عمل کی جامع تصویر شیخ الحدیث مولانا عبدالتواب صدیقی اچھروی کی ہے۔ جنہیں آج زمانہ مناظرِ اسلام کے نام سے یاد کرتا ہے۔

مناظرِ اسلام شیخ الحدیث علامہ عبدالتواب صدیقی اچھروی حفظہ اللہ بطول حیاتہٖ
نے 24 جولائی 1948ء بروز ہفتہ کو لاہور (اچھرہ) کے ایک عظیم علمی گھرانے میں آنکھ
کھولی۔ آپ کے والدِ محترم مناظرِ اسلام حضرت علامہ مولانا محمد عمر اچھروی پائے کے عالم
دین تھے۔ وہ صرف ظاہری عالم ہی نہیں تھے بلکہ ربّ تعالیٰ کے مقبول بندوں میں سے
تھے۔ آپ کے والدِ محترم حق کی آواز کو ہر جگہ باطل کے خلاف بلند کیا کرتے تھے تو اسی
سلسلہ کو استاذیم قبلہ مولانا عبدالتواب صدیقی دامت برکاتہم العالیہ نے آگے بڑھایا۔

آپ حضرت قبلہ پیر طریقت رہبر شریعت پیر محمد اسمٰعیل شاہ بخاری المعروف
حضرت کرمانوالہ سرکار رحمۃ اللہ علیہ کے مرید خاص تھے۔ جو کہ حضرت پیر طریقت رہبر
شریعت پیر میاں شیر محمد شرقپوری المعروف شیر ربانی علیہ الرحمۃ کے خلیفۂ مجاز تھے۔

آپ نے ابتدائی تعلیم، اپنے والد ماجد سے حاصل کی اور درسِ نظامی موقوف علیہ
تک جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری گیٹ میں پڑھا۔ اس کے بعد آپ دورۂ حدیث
شریف کے لیے جامعہ رضویہ فیصل آباد تشریف لے گئے۔ آپ نے اپنی تعلیم کے ساتھ
ساتھ اپنے والد صاحب کے مشن کو بھی جاری رکھا۔ اور آپ نے باطل کی ہر اٹھنے والی آواز کا
ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ آپ نے اہل تشیع، دیوبندی اور وہابی اہلحدیث کے خلاف بڑے
بڑے مناظرے کیے اور انہیں شکستِ فاش سے دوچار کیا۔ آپ کا ایک مشہور و معروف
مناظرہ اہل تشیع کے نام نہاد عالم اسماعیل آغا خان کے ساتھ ہوا اور اس کو اتنا ذلیل و رسوا کیا
کہ اس نے اپنی شکست کو تسلیم کیا اور میدان سے بھاگ گیا۔ جب آپ نے اسماعیل شیعہ
کے ساتھ مناظرہ کیا تو اس وقت آپ کی عمر 27 برس تھی اور مولوی اسماعیل شیعہ کی عمر
تقریباً 70 برس تھی۔

آپ کی ذہانت کی ایک مثال یہ ہے کہ جب اسماعیل شیعہ نے مناظرے کے
دوران کہا کہ آپ میرے بھتیجے ہیں لیکن آپ خلفائے ثلاثہ کی خلافت ثابت نہیں کر سکتے۔

اگر خلافت ثابت کر دیں تو میں آپ کے ہاتھ پر بیعت کروں گا۔ آپ نے فرمایا آپ
بیعت ہرگز نہیں کریں گے۔ کہنے لگا کیوں؟ پھر آپ نے کہا تاریخ شاہد ہے کہ ایک چچا
ابوجہل نے چاند کو ٹکڑے ہوتے ہوئے دیکھا مگر بھتیجے حضرت محمد ﷺ کے ہاتھ پر بیعت
نہیں کی۔ آپ نے نہ صرف مسلکی بنیاد پر مناظرے کیے بلکہ آپ نے حکومتی ایوانوں میں
شریعت کے خلاف اٹھنے والی آوازوں کے خلاف علمِ جہاد بلند کیا۔ اور اس حدیث کا
مصداق بنے کہ "جابر سلطان کے خلاف کلمۂ حق کہنا بھی جہاد ہے"۔

آپ کی حق گوئی اور بے باکی کی ایک مثال یہ ہے۔

جب آپ کا ایک محفل میں (جب جنرل ضیاء الحق نے تمام مکاتبِ فکر کے علماء
کرام کو اپنی دعوت پر مدعو کیا) مولانا کوثر نیازی سے آمنا سامنا ہوا تو علامہ عبدالتواب
صدیقی صاحب نے کہا کہ مولانا میں آپ کو خمر (شراب) کی حرمت قرآن سے ثابت کر دیتا
ہوں۔ جبکہ اس سے قبل مولانا کوثر نیازی مفتی محمود دیوبندی سے اس مسئلہ پر بحث کر چکے تھے
ہوا یوں کہ مفتی صاحب شراب کی حرمت قرآن سے ثابت نہ کر سکے۔ مولانا کوثر نیازی نے
کہا کہ آپ علامہ محمد عمر اچھروی علیہ الرحمۃ کے صاحبزادے ہیں اور آپ اس کی حرمت
قرآن سے ثابت کر سکتے ہیں۔ یہ آپ کا فقہی مقام ہے۔

آپ ایک عظیم مبلغ ہونے کے ساتھ ساتھ درسِ نظامی کے ایک بہترین مدرّس
بھی ہیں۔ صرف بہترین مدرّس ہی نہیں بلکہ منجھے ہوئے شیخ الحدیث بھی ہیں۔

آپ ۱۹۹۸ء سے جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں مسلم شریف کا باقاعدہ
درس دیتے ہیں۔

آپ کے اساتذۂ کرام میں سرفہرست قبلہ محدث کبیر مولانا غلام رسول رضوی
علیہ الرحمۃ اور قبلہ مفتیٔ اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ اور قبلہ مولانا عبدالوہاب
صدیقی علیہ الرحمۃ اور قبلہ مولانا محمد افضل قادری صاحب دامت برکاتہم العالیہ ہیں۔

آخر میں اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا گو ہوں کہ ان جیسے باعمل علماءِ کرام کا سایہ اہلسنت و جماعت پر تادیر قائم و دائم رکھے۔ آمین بجاہ النبی الکریم الامین

یہ فیضانِ نظر بخشی خدا نے اہلِ مکتب کو
خذف ریزوں سے کر لیتے ہیں یہ سنگ و گوہر پیدا

آپ کا پیغام......طلباء دورۂ حدیث کے نام :

بسم الله الرحمن الرحیم. حامدًا و مصلیًا

(۱) طلبہ دین پڑھ کر اس کو ضائع نہ کریں بلکہ دوسروں تک پہنچائیں تاکہ ان کا علم علمِ نافع ہو۔ یہی میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَ لَوْ آیَۃً او کما قال.

(۲) وہ علم جو عملِ صالح کے بغیر ہو وہ انسان کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے دور کرتا ہے اور وہ علم جو عمل صالح کے ساتھ ہو، اس سے قربِ الٰہی و قربِ رسول اللہ ﷺ میسر آتا ہے۔ لہٰذا علم کے ساتھ ساتھ عمل صالح کی طرف بھی توجہ کرنی چاہیے۔

(۳) عقائد میں کبھی نرمی نہیں کرنی چاہیے کیونکہ شیطان فائدہ اٹھا کر لوگوں کے دل میں شکوک وشبہات پیدا کرتا اور گمراہی کا امکان پیدا ہو جاتا ہے لہٰذا طلباء جہاں بھی ہوں مسلک میں ہمیشہ پختہ رہیں۔

(۴) درس و تدریس کے ساتھ ساتھ تربیت کی طرف بھی توجہ دینی چاہیے تاکہ آپ سے پڑھ کر نکلنے والا علم و عمل کا بہترین نمونہ بن کر نکلے۔

وما توفیقی الا باللّٰہ العلی العظیم.

☆......☆......☆......☆

تو سلامت رہے ...... تا قیامت رہے

علامہ ڈاکٹر محمد فضل حنان سعیدی

اللہ داد شاہد
متعلم دورۂ حدیث شریف جامعہ نظامیہ، لاہور

بے عنایات حق وخاصانِ حق
گر ملک باشد سیاہستش ورق

العلماء ورثة الانبیاء

اس حدیث کے تحت علماء اہل سنت حضور اکرم ﷺ کے پاک مشن کو دنیا تک پہنچانے کے لیے اپنی پوری کوششیں صرف کر رہے ہیں۔ علم و عمل کے پیکر علماء و اساتذۂ کرام مختلف میدانوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ کوئی علم تفسیر کا ماہر تو کوئی حدیث شریف کے اصول و قوانین پر دسترس رکھتا ہے اور کوئی منطق و فلسفہ کا امام تو کوئی صرف و نحو میں مہارت تامہ رکھتا ہے۔ آپ کو ایسے علماء کرام بھی ملیں گے جن کے اندر تمام علوم و فنون بدرجہ اتم پائے جائیں گے۔ جس فن کی بھی کتاب اٹھائیں اس کی ادق مباحث کو طلباء پر سہل کردیں۔ اسی مقدس جماعت کے ایک فرد میرے ممدوح ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے ہر فن مولا بنایا ہے۔ چاہے وہ دینی علوم کی مشکل بحثیں ہوں یا دنیاوی علوم کی پیچیدگیاں، جناب استاذی سیدی وسندی علامہ ڈاکٹر محمد فضل حنان سعیدی صاحب مدظلہ العالی۔

نام و جائے پیدائش:

آپ کا نام محمد فضل حنان ہے اور آپ کے والدِ محترم کا اسم گرامی مولانا عبدالمجید ہے۔ آپ 2 مارچ 1967ء کو چن پیر تحصیل اوگی ضلع مانسہرہ میں پیدا ہوئے۔

